کتب خانہ سرکاری

SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲ مطبوعہ روزِ شنبہ بتاریخ ۱۹ رمضان المبارک سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۱ء جلد ۵۴

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری عطائے آراضی برائے ہاکی گراؤنڈ رامپور ہاکی ایسوسی ایشن	۲	۳	ترمیم بہ ریکارڈ مصدرہ یکم اکتوبر ۱۹۴۱ء متعلق سنہ شمولہ	۳
۲	منظوری انتظام بسلسلہ رخصت عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ و ۳			

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری تجویز بابت عطائے اضافہ گریڈ بہ تنخواہ مسٹر انور شاہ خاں صاحب ایگزیکیٹو آفیسر میونسپلٹی	۴	۲	منظوری تجویز بابت اجرائے ٹول ٹیکس بائی لاز (بائی لاز متعلق محصول رہگذر)	۵۵۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۱۲؍اکتوبر ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ آراضی مصرحہ عرضداشت برائے ہاکی گراؤنڈ رامپور ہاکی ایسوسی ایشن دیا جانا منظور ہے۔ سالانہ لگان کے اخراج کی منظوری دیجاتی ہے۔ یہ آراضی تا قیام کلب رہے گی۔ ورنہ شامل صیغہ مال ہوگی۔ کاغذات واپس ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر ۲۹۲

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — مبرسالہ

جناب عالی

قطعہ آراضی بانسی و باغ چادروالا متصل نواب دروازہ، تعدادی دو بیگہ ایک بسوہ گیارہ بسوانسی پختہ میں ایک ہاکی گراؤنڈ تیار کیجانے کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے ترتیواہ نے صیغہ مال سے دریافت کیا تھا چنانچہ صیغہ مذکور نے وائید آراضی سے اتفاق کر لیا ہے۔ آراضی مذکور کا سالانہ لگان عہ/ ہوتا ہے اور کاشت کا خرچہ مجہ/ ہوتا ہے۔ آراضی مذکور کا تعلق صیغہ باغات سے ہے۔ آراضی سرکاری ضروریات کے لئے درکار نہیں ہے۔ اسپورٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۲؍ستمبر ۱۹۴۲ء میں آراضی مندرجہ بالا برائے ہاکی گراؤنڈ رامپور ہاکی ایسوسی ایشن کو دیئے جانے۔ سالانہ لگان تعدادی عہ/ خارج کیجانے اور خرچہ کاشت منجانب ایسوسی ایشن تعدادی مجہ/ کاشتکاران کو دلائے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ لگان از ۱۳۵۲ فصلی خارج ہوگا

لہذا ترتیواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد۔

[illegible] عالیجناب صاحب [illegible]

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۵؍اکتوبر ۱۹۴۲ء

دستخط عالیجناب صاحب [illegible]

حکم

واقع ۱۶؍اکتوبر ۱۹۴۲ء

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ حکم ہذا آخری متصور ہوگا۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — جناب عالی — مبرسالہ

عالیجناب مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب بہادر

سی۔ آئی۔ ای چیف منسٹر کا دہرہ دون سے تار موصول ہوا ہے۔ جس سے واضح ہوا کہ صاحب موصوف کو انفلوئنزا ہوگیا ہے۔ بوجہ ۵، ۶ اکتوبر سنہ حال کو رامپور نہیں پہونچ سکتے۔ اور اسلئے انھوں نے اپنی رخصت کے سلسلہ میں تین یوم ۷ لغایت ۹ اکتوبر کی توسیع فرمائے جانے کی استدعا کی ہے۔ عرضداشت بحضور پُرنور پیش ہے۔ ترتیب استدعا ہے کہ توسیع رخصت تین یوم از ۷ تا ۹ اکتوبر کی منظوری کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف صدور پائے۔

بسلسلہ سفر شملہ انتظام کے متعلق اجلاس ہمایوں سے بتاریخ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء جو روبکار صادر ہوا ہے اُسمیں یہ حکم فرمایا گیا ہے کہ چونکہ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۶ اکتوبر کو آجائیں گے۔ لہذا اونکی واپسی تک عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر اور عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کا کام عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انجام دینگے۔

۲۔ چونکہ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ۶ اکتوبر کو رامپور نہیں آسکیں گے۔ اور عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کو کئی روز تک کام کرنا پڑیگا اور نیز کام کا بہت بار ہو جائے گا۔ مسٹر ضمیر احمد ہاشمی صاحب بہادر ڈپٹی ریونیو منسٹر رخصت سے واپس آگئے ہیں۔ بدینوجوہ ترتیب کی یہ تجویز ہے کہ ترتیب اونکی عدم موجودگی میں محکمہ جات مال، زراعت، صنعت و حرفت اشتمال کا کام صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر کے اور صیغہ فائنانس کا کام صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کے اور پولیس کا کام عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے سپرد فرمادیا جائے۔ اور عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انجام دیں۔ اگر اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم پسند فرمائیں تو اس بابت بھی حکم صادر فرمایا جائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۳ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

روبکار

واقع ۴ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

سفر شملہ کے متعلق یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء کو روبکار صادر ہوا ہے جسمیں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر کی تاریخ واپسی رامپور ۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء تحریر کی گئی ہے۔ اُن کا تار مزید تین یوم کی رخصت کے لئے موصول ہوا ہے۔ اب وہ ۶ اکتوبر کی بجائے ۱۰ اکتوبر کو رامپور آئیں گے۔ لہذا روبکار مذکور میں بمد تعلق تاریخ واپسی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بصراحت بالا ترمیم کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۳۰۱ واقع ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۹ر ستمبر ۱۹۳۱ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بدیں مضمون پیش ہوئی کہ مسٹر انور شاہ خان صاحب ایگزیکیٹو آفیسر میونسپلٹی کا کام نہایت اچھا رہا ہے جس قابلیت اور محنت سے انہوں نے اپنے فرائض کو انجام دیا ہے اس کا اندازہ میونسپلٹی کی سابقہ اور موجودہ حالت کا موازنہ کرنے سے ہو سکتا ہے اس تین سال سے زائد کے قلیل عرصہ میں انہوں نے منا و بورڈ کے لئے مختلف ضروری اسکیمیں پیش کیں اور ان پر عمل کرایا۔ ان امور کا لحاظ کرتے ہوئے تجویز تھی کہ ان کا موجودہ گریڈ جو :- ۱۵۰ - ۱۰ - ۲۰۰ روپے۔ برٹش انڈیا کے گریڈ کا لحاظ رکھتے ہوئے (جو ۱۵۰ - ۱۵ - ۲۵۰ تھا) ۲۰۰ - ۱۵ - ۳۰۰ کر دیا جائے۔ مگر عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے تبدیلی گریڈ کی بجائے اس امر سے اتفاق فرمایا کہ صاحب ایگزیکیٹو افسر میونسپلٹی کی موجودہ تنخواہ میں گریڈ کے تین اضافے منظور کر کے انکی تنخواہ ۱۸۰ روپے ماہانہ کر دی جائے

طے پایا کہ

بوجوہ مصرحہ تجویز حسب اتفاق رائے عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر، مسٹر انور شاہ خان صاحب ایگزیکیٹو آفیسر میونسپلٹی کی موجودہ تنخواہ میں گریڈ کے تین اضافے منظور کئے جاتے ہیں۔ آیندہ انکو ۱۸۰ ماہانہ تنخواہ ملے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۳۱۳ واقع ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۹ر ستمبر ۱۹۳۱ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر (انچارج میونسپلٹی) کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ ٹول ٹیکس بائی لاز (بائی لاز متعلق محصول راہگذر) بموجب دفعہ ۷۰ ایکٹ ۱ میونسپلٹی پاس کردہ میونسپل بورڈ حسب ریزولیوشن ۲۳ جلسہ منعقدہ ۲۰ر جون ۱۹۳۱ء بعد مشتہری ضابطہ برائے منظوری گورنمنٹ پیش ہیں۔ عذرداریوں کا لحاظ کرتے ہوئے۔ بعد ترمیمات جدید مسودہ بائی لاز مذکور شامل کر دیا گیا ہے جو قابل منظوری ہے۔

طے پایا کہ

حسب تجویز ٹول ٹیکس بائی لاز (بائی لاز متعلق محصول راہگذر)

منسلکہ کاغذات کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے
احکام و اندراج گزٹ بخدمت عالی مرتبت صاحب
ہوم منسٹر بہادر بھیجا جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل

سپرنٹنڈنٹ صاحب اسٹیٹ پریس کے پاس بھیجا جائے۔
بائی لاز محصول رہگذر معہ حکم منظوری آیندہ گزٹ میں شائع
کئے جائیں۔ ۷ اکتوبر ۱۹۲۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

نوٹ ۱۔ ٹول ٹیکس بائی لاز زبائی لاز متعلق محصول
رہگذر حصہ سوم میں شامل ہے۔